Education - FA Part 1 Education Urdu Medium Chapter 5 Short Questions Preparation

Q1. تعلم کی تعریف کریں.

Ans 1: تعلم ایک ایسا عمل ہے جس کے ذریعے ماحول میں پیش آنے والے تجربات کی وجہ سے فرد کے کردار میں مستحکم اور مستقل تبدیلیاں پیدا ہوتی ہیں جو اس فرد کو اپنے ماحول میں مناسب انداز سے اپنا کردار انجام دینے اور پیش آنے والے مسائل کو حل کرنےکے قابل بنا دیتی ہیں.

Q2. وقوفی نظریات میں کن کن نظریات کا شمار ہوتا ہے؟

Ans 1: ان میں اہم نظریات کے نام یہ ہیں: 1.گیسٹالٹ کا نظریہ 2.معلومات کے تجزیہ کا نظریہ 3.بصیرت کا نظریہ تعلم 4.علمی ساخت کا نظریہ تعلم

Q3. تعلم کی تعریف اپنے الفاظ میں کریں.

Ans 1: تعلم کردار کی تبدیلی کا عمل ہے.

Q4. براہ راست تجربہ اور بالواسطہ تجربہ میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: تجربہ دوصورتوں میں ہو سکتا ہے،ایک یہ کہ فرد خود اس تجربے سےگزرے،یہ براہ راست تجربہ ہوگا دوسری صورت میں فرد کسی دوسرے فرد پر کسی خاص قسم کی مہیج کے اثرات کا مشاہدہ کر کے اپنے کردار میں موزوں تبدیلی لائے.یہ بالواسطہ تجربہ ہوگا.

Q5. آمادگی کا مفہوم صرف دو جملوں میں لکھیے.

Ans 1: آمادگی سے مراد کسی کام کو سیکھنے کی خواہش اور تمنا ہے،اس کے لیے دو چیزیں اہم ہیں،فرد کو وہ صلاحیتیں یا استعداد حاصل ہو جو کسی تعلم کے لیے ضروری ہے،بغیر خوائش اور مقصد کے بچہ سیکھنے کے عمل کے لیے تیار نہیں ہوتا.

Q6. تعلم کی شرائط سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: تعلم کسی بھی طریقے یا قانون کے تحت انجام پذیر ہو،کچھ عوامل ایسے ہیں جو تعلم کے عمل پر اثر انداز ہو کر اس کی رفتار سست کر دیتے ہیں،وہ تعلم میں سہولت پیدا کرتے ہیں یا رکاوٹ کا باعث بن جاتےہیں.ان کی موجودگی کو سیکھنے کے دوران پیش نظر فرد کے لیے بے حد ضروری ہے.ان عوامل کو تعلم کی بہتری کے لیے شرائط بھی قرار دیا جا سکتا ہے.

Q7. مہیج سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: وہ کام جس سے کسی فرد کا واسطہ پڑھتا ہو مہیج کہلاتا ہے،فرد کے ماحول میں لاتعداد مہیجات موجود ہوتے ہیں.

Q8. مہیج کسے کہتے ہیں؟

Ans 1: وہ کام کس میں کسی فرد کا واسطہ پڑھتا ہے مہیج کہلاتا ہے،فرد کے ماحول میں لاتعداد مہیجات موجودہ ہوتے ہیں.

Q9. تبدیلیوں کی مختلف صورتیں کونسی ہیں؟

Ans 1: تبدیلیون کی مختلف صورتیں درج ذیل ہیں: 1.فطری اور مستقل نوعیت کی تبدیلیاں 2.عارضی تبدیلیاں 3.تسلسل کے ساتھ رہنے والی تبدیلیاں.

Q10. قانون کی مشق کی تعریف کریں.

Ans 1: قانون مشق سے مراد ہے کسی فعالیت کو سیکھنے کے بعد اس میں مہارت اور پختگی حاصل کرنے کے لیے اسے بار بار دہرانا .